| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
| اُستاد کا نام:________ | ہفتہ: 8 | تاریخ:________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب چہارم: تاریخ (History) | سبق کا نام: قیامِ پاکستان میں صوبوں/علاقوں کا کردار اور پاکستان کی اہم تاریخی شخصیات |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قیامِ پاکستان میں اپنے علاقے، صوبے کی شرکت اور جدوجہد کی وضاحت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

طلبہ سے پوچھیں:

- رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ کون سا ہے؟
- آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ کون سا ہے؟

انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ خیبر پختونخوا، بلوچستان اور کشمیر اور گلگت بلتستان کے قیامِ پاکستان میں کردار کے حوالے سے پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 50 تا 52 متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو خیبر پختونخوا کے کردار کی وضاحت کرتے ہوئے بتائیں کہ یہ صوبہ قدیم زمانے سے ہی انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔
- انھیں بتائیں خیبر پختونخوا کے لوگ بہت جری اور بہادر ہیں اسی وجہ سے انھوں نے تحریکِ پاکستان میں بھرپور شرکت کی۔
- سردار عبدالرب نشتر پاکستان کے اہم رہنما تھے۔
- طلبہ کو بتائیں برصغیر پاک و ہند کا پسماندہ علاقہ بلوچستان تھا۔ تحریکِ پاکستان کے ایک سرگرم رکن قاضی محمد عیسیٰ نے قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کی ہدایت پر 1939ء میں بلوچستان میں مسلم لیگ کو مستحکم کیا۔ میر جعفر خان جمالی بھی مسلم لیگ کے راہنماؤں میں سے تھے۔ وہ قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کے حامیوں میں سے تھے۔

- انھیں بتائیں بلوچستان کے عوام نے قرارداد پاکستان 1940ء کی بھرپور حمایت کی۔ چنانچہ بلوچستان کے شاہی جرگے نے جون 1947ء میں پاکستان میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا۔
- طلبہ کو بتائیں برصغیر کی آزادی کے وقت گلگت بلتستان اور جموں کشمیر ایک ہی ریاست تھی۔ 3 جون 1947ء کے منصوبے کے تحت گلگت بلتستان اور کشمیر کو بھی یہ حق دیا گیا کہ وہ پاکستان اور بھارت میں سے کسی ایک کے ساتھ شامل ہو جائیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کے تصور کو مختصراً دہرائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

طلبہ سے پڑھائے گئے متن کے حوالے سے سوالات کے جوابات پوچھیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام:________ | ہفتہ: 8 | تاریخ:________ | وقت: 40 منٹ |

| باب چہارم: تاریخ (History) | سبق کا نام: قیام پاکستان میں صوبوں/علاقوں کا کردار اور پاکستان کی اہم تاریخی شخصیات |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قیام پاکستان میں قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ، علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ اور محترمہ فاطمہ جناح کے کردار کی وضاحت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے طلبہ سے سوال کریں۔

- قیام پاکستان میں صوبہ سندھ کے کردار کی وضاحت کریں۔
- صوبہ پنجاب کے اہم رہنماؤں کے نام بتائیں۔
- قیام پاکستان میں صوبہ خیبر پختونخواہ کا کردار واضح کریں۔

ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 52 تا 53 متن "قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ" کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ وہ عظیم شخصیت ہیں جن کی اَن تھک کوششوں سے پاکستان وجود میں آیا۔ ابتداء میں آپ رحمتہ اللہ علیہ ہندو مسلم اتحاد کے حامی تھے۔ جب انھیں احساس ہوا کہ کانگریس مسلمانوں کے حقوق کا تحفظ نہیں کر سکتی تو وہ 1913ء میں آل انڈیا مسلم لیگ میں شامل ہو گئے۔ 1916ء میں انھیں آل انڈیا مسلم لیگ کا صدر چُنا گیا۔
- طلبہ کو بتائیں آپ رحمتہ اللہ علیہ نے مسلمانوں کے سیاسی، سماجی اور معاشی حقوق اور آزادی کے لیے آواز اُٹھائی آپ رحمتہ اللہ علیہ برصغیر کے مسلمانوں کی آزادی کی تحریک کو لے کر آگے بڑھے۔ آخر کار اَن تھک محنت اور کوششوں کے بعد 14 اگست 1947ء کو پاکستان وجود میں آیا۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔


**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پڑھائے گئے سبق سے متعلق سوالات کے جوابات لیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)



| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام:______ | ہفتہ: 8 | تاریخ:______ | وقت: 40 منٹ |

| باب چہارم: تاریخ (History) | سبق کا نام: قیام پاکستان میں صوبوں/علاقوں کا کردار اور پاکستان کی اہم تاریخی شخصیات |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قیام پاکستان میں قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ، علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ اور محترمہ فاطمہ جناح کے کردار کی وضاحت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی: 5 منٹ**

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کب پیدا ہوئے؟
- قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ مسلم لیگ کے صدر کب منتخب ہوئے؟

ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں آج کے سبق میں وہ قیام پاکستان میں کردار ادا کرنے کی نمایاں شخصیات علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ اور فاطمہ جناح کے بارے میں پڑھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ**

- طلبہ کو بتائیں علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ ایک عظیم مفکر، شاعر اور سیاست دان تھے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے برصغیر کے مسلمانوں کو اپنی شاعری کے ذریعے متاثر کیا۔
- طلبہ کو بتائیں علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے 30 دسمبر 1930ء کو الٰہ آباد کے مقام پر مسلم لیگ کے جلسے کی صدارت کرتے ہوئے الگ ریاست کا تصور پیش کیا۔ یہی تصور بعدازاں قیام پاکستان کی بنیاد بنا۔
- انھیں مادرِ ملت فاطمہ جناح کے بارے میں بتائیں۔ آپ 31 جولائی 1839ء کو پیدا ہوئیں اور پیشے کے لحاظ سے دانتوں کی ڈاکٹر تھیں۔
- طلبہ کو بتائیں تحریک پاکستان میں فاطمہ جناح نے اپنے بڑے بھائی کا ہر قدم پر ساتھ دیا۔ اور مسلمان خواتین میں آزادی کا جذبہ پیدا کیا۔
- محترمہ فاطمہ جناح نے خواتین کی تعلیم پر بہت زور دیا۔ اس مقصد کے حصول کے لیے آپ نے برصغیر پاک و ہند میں تعلیمی مراکز قائم کیے۔

**اعادہ** 3منٹ

طلبہ کو قیام پاکستان میں فاطمہ جناح اور علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ کے کردار کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** 5منٹ

مشق جزو (2) سوال (iii) کا جواب طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال نمبر 1: درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

(i) مسلم لیگ کا قیام عمل میں لایا گیا:
- 1905ء
- 1906ء
- 1908ء

(ii) رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے:
- صوبہ پنجاب
- صوبہ سندھ
- صوبہ بلوچستان

(iii) رائے شماری کے ذریعے پاکستان کا حصّہ بنا:
- صوبہ پنجاب
- صوبہ خیبر پختونخوا
- صوبہ بلوچستان

(iv) محترمہ فاطمہ جناح رَحْمَۃُاللہِ عَلَیْہ پیدا ہوئیں:
- لاہور میں
- کراچی میں
- سیالکوٹ میں

سوال نمبر 2: صحیح جملوں کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

(i) صوبہ سندھ کو باب الاسلام بھی کہا جاتا ہے۔ ☐
(ii) بلوچستان کے مستقبل کا فیصلہ شاہی جرگہ کے سپرد کیا گیا۔ ☐
(iii) 1947ء سے پہلے برِصغیر پر سکھوں کی حکومت تھی۔ ☐
(iv) قائدِاعظم رَحْمَۃُاللہِ عَلَیْہ نے 1913ء میں مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی۔ ☐

سوال نمبر 3: کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| محمد بن قاسم نے سندھ فتح کیا | 1967ء میں |
| علامہ محمد اقبال رَحْمَۃُاللہِ عَلَیْہ نے وفات پائی | 1930ء الٰہ آباد میں |
| قائدِاعظم رَحْمَۃُاللہِ عَلَیْہ مسلم لیگ کے صدر بنے | 712ء میں |
| مسلمانوں کے لیے الگ وطن کا تصوّر پیش کیا | 1938ء میں |
| محترمہ فاطمہ جناح نے وفات پائی | 1916ء میں |